بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ




Share

# سائنسی علوم کو اردو زبان میں ڈھالنا مشکل کام ہے، عرفان صدیقی

## ملتان اور کراچی میں اردو سائنس بورڈ کے دفاتر قائم کیے جائیں، اردو سائنس بورڈ کا دورہ

لاہور (شو بز رپورٹر) وزیراعظم کے مشیر برائے قومی تاریخ وادبی ورثہ ڈویژن عرفان صدیقی نے کہاہے کہ اردو کی ترویج اور فروغ کے لیے کام کرنے والے اداروں کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں اور ان اداروں کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اردو سائنس بورڈ کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل اردو سائنس بورڈ مشہود احمد مرزا نے بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران خیالات کا اظہار کرتے ہوئے عرفان صدیقی نے کہا کہ اردو زبان قومی سطح پر رابطے کا بہترین ذریعہ ہے۔ سائنسی وفنی علوم کا صحیح فہم وادراک اپنی زبان میں ہی ہو سکتا ہے۔ سائنسی علوم کو اردو زبان میں ڈھالنا مشکل کام ہے لیکن اردو سائنس بورڈ ایک قومی ادارے کی حیثیت سے اس کارنامے کو انجام دینے کے لیے کوشاں ہے۔ اردو زبان میں سائنسی اور ٹیکنیکل علوم کے فروغ کے لیے اردو سائنس بورڈ کا کردار بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے بورڈ حکام کو ہدایت کی کہ اردو زبان میں کتابوں کی دستیابی اور علاقائی روابط کو بہتر بنانے کے لیے ملتان اور کراچی میں اردو سائنس بورڈ کے دفاتر قائم کیے جائیں۔ اس سے قبل ڈائریکٹر جنرل اردو سائنس بورڈ مشہود احمد مرزا نے بریفنگ میں بورڈ کے جاری اور مستقبل کے منصوبوں کے بارے میں تفصیلی طور پر بتایا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سید عاصم حسنین، وزارت کے اعلیٰ افسران اور بورڈ کے افسران بھی موجود تھے۔

ShareThis

ہفت روزہ اخبار جہاں پڑھیے آج کا اخبار پڑھیے